© rasailojaraid.com



اور یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام نے اپنے باپ آزر سے کہا کیا تم بتوں کو خدا بناتے ہو بیشک میں تمہیں اور تمہاری قوم کو کھلی گمراہی میں پاتا ہوں۔ (کنز الایمان مطبوعہ ادارہ الفلاح کراچی صہ ۱۶۳)

**۳۳:** البرہان فی تفسیر القرآن میں سید ہاشم الحسینی البحرانی رافضی نے بھی لکھا ہے کہ

| | |
|---|---|
| عن العیاشی عن ابی بصیر قال سئلت ابا عبد اللہ علیہ السلام عن قول اللہ " اِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ" قال کان اسم ابیہ آزر الخ (البرہان فی تفسیر القرآن مطبوعہ قم ایران صہ ۵۳۴ ج ۱) | عیاشی ابو بصیر سے نقل کرتے ہیں ابو بصیر نے کہا کہ میں نے ابو عبد اللہ جعفر صادق سے اِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ الخ کے متعلق سوال کیا تو انہوں نے فرمایا کہ ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام آزر تھا۔ |

**۳۴:** ملا محسن فیض کاشانی اپنی تفسیر صافی میں لکھتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| والعیاشی علیہ السلام انہ سئل عن قولہ تعالیٰ " وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ آزَرَ" قال کان اسم ابیہ آزر والعلم عند اللہ۔ | عیاشی نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ ارشاد ربانی وَاِذْ قَالَ الخ کا کیا مطلب ہے انہوں نے کہا کہ آزر ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام تھا۔ (تفسیر صافی صہ ۱۶۷ ج ۱ سورۃ الانعام) |

| | |
|---|---|
| **۳۵:** عن ابی بصیر قال سئلت ابا عبد اللہ عن قول اللہ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ، قال کان اسم ابیہ آزر الخ | ابی بصیر سے روایت ہے کہ انہوں نے ابا عبد اللہ جعفر صادقؑ سے قول باری تعالیٰ وَاِذْ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ آزر ابراہیم علیہ السلام کے باپ کا نام تھا۔ |

(تفسیر عیاشی صہ ۳۶۲ ج ۱، مصنفہ ابی النضر محمد بن مسعود ابن عیاش السلمی قندی المعروف بالعیاشی)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

-- اہل وطن کو نیا ہجری سال مبارک! (ادارہ روزنامہ "جنگ" یکم محرم)

خیر مبارک!

-- بے نظیر اجلاس میں شرکت کے لئے آئیں گی تو استعفے ان کے پرس میں ہوں گے۔ (لغاری)

استعفے ہیں یا میک اپ کا سامان؟

-- جامع مسجد صدیق اکبر چنیوٹ میں قرآن پاک کے ۴۰ نسخے نذر آتش! (ایک خبر)

شورش ایسی پود پر اژدر برسنے چاہئیں
آگ میں تپتے ہوئے پتھر برسنے چاہئیں

-- تھانے نیلام ہو رہے ہیں۔ ایس ایچ او سے اوپر تک سب رشوت لیتے ہیں (قاضی حسین احمد)

پتہ نہیں سرکاری پتھاریداروں سے عوام کی جان کب چھوٹے گی!

-- میں جنت میں نہیں جاؤنگی (اسلام آباد کے گیسٹ ہاؤس میں خودکشی کرنے والی اقوام متحدہ کی خاتون افسر)

نہ تو جنت کے قابل تھی نہ جنت تیرے قابل ہے۔

-- پاکستان میں پیدا ہونے والا ہر بچہ ۲۰ ہزار کا مقروض ہے۔ (مولانا عبدالستار خان نیازی!)

اسی لئے آپ نے شادی نہیں کی نا---؟

-- بیٹوں نے باپ کو سر بازار برہنہ کرکے چھتروں سے پٹائی کی (ایک خبر)

ان ناسعید بیٹوں کی قسمت الٹ گئی

-- یونان کے مذہبی لیڈروں نے مائیکل جیکسن کو شیطان کا چیلا قرار دے دیا (ایک خبر)

شیخ رشید! کچھ سنا آپ نے!

-- میں اپنے بچوں کے ہمیشہ اپنی مرضی سے نمبر لگواتا ہوں (ایک استاد)

جانے کس مٹی کے ذرے ہیں تمہاری خاک میں
بدتر از سرطان ہو اس سرزمین پاک میں

-- مسلم دنیا کی بدقسمتی ہے کہ دوسرا بھٹو پیدا نہیں ہوا۔ (پروفیسر اے ایچ درانی)

خصوصاً پاکستان کی، جو کسی دوسرے بھٹو کے ہاتھ سے ابھی تک محفوظ ہے۔

-- امریکہ -- ۸۱ سالہ دلہا -- ۵۱ سالہ دلہن --- دلہا کی ۲۸ ویں دلہن کی ۲۲ ویں شادی (ایک خبر)

لعنت بر ہیوفرنگ!

© rasailojaraid.com